AQF / Shabbir

18-01-2026

08.30 Hrs

HL-Opening

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ................................ کونین حیدر

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

-1 وزیراعظم نریندر مودی آج مغربی بنگال اور آسام سے پانچ نئی امرت بھارت ایکسپریس ٹرینوں کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے۔

☆ شہری ہوا بازی کے ڈائریکٹوریٹ جنرل DGCA نے اِنڈیگو ایئرلائنس پر پچھلے مہینے میں بڑے پیمانے پر پروازوں میں تاخیر اور منسوخی کی پاداش میں 22 کروڑ روپے سے زیادہ کا جرمانہ عائد کیا ہے۔

☆ امتحانات منعقد کرانے والی قومی ایجنسی نے JEE (مین) 2026 سیشن 1 امتحان کیلئے داخلہ کارڈ جاری کردیے ہیں۔

☆ یوروپی یونین اور ساؤتھ امریکہ بلاک Mercosur نے دنیا کے ایک سب سے بڑے آزاد تجارتی زونز کے قیام کیلئے بڑے سمجھوتے پر دستخط کئے ہیں۔

☆ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے گرین لینڈ پر امریکی کنٹرول کی یوروپ کی طرف سے مخالفت کئے جانے کا حوالہ دیتے ہوئے یوروپ کے 8 ملکوں پر 10 فیصد محصول عائد کرنے کا اعلان کیا ہے۔

☆ اور، مردوں کی کرکٹ میں آج سہ پہر اندور میں بھارت اور نیوزی لینڈ کے درمیان تیسرا اور آخری ایک روزہ بین الاقوامی میچ کھیلا جائے گا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM-AMRIT BHARAT

وزیراعظم نریندر مودی آج مغربی بنگال اور آسام سے پانچ نئی امرت بھارت ایکسپریس ٹرینوں کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے۔ جناب مودی مغربی بنگال کے Hooghly سے تین امرت بھارت ایکسپریس ٹرینوں کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے۔ ان ٹرینوں میں ہاوڑہ-آنند وہار ٹرمنل امرت بھارت ایکسپریس، سیالدہ-بنارس ایکسپریس اور Santragachi -

Tambaram امرت بھارت ایکسپریس ٹرینیں شامل ہیں۔ وزیراعظم آسام کے Kaliabor ناگاؤں ضلع میں دو نئی امرت بھارت ایکسپریس ٹرینوں کو بھی جھنڈی دکھاکر روانہ کریں گے۔ ان ٹرینوں میں کاکھیا-روہتک امرت ایکسپریس اور ڈِبروگڑھ-لکھنؤ گومتی نگر امرت بھارت ایکسپریس شامل ہیں۔ ہمارے نامہ نگار نے اطلاع دی ہے کہ نئی ٹرینوں کی خدمات شروع ہونے سے شمال مشرق اور شمالی بھارت کے درمیان ریل کنکٹی وٹی مستحکم ہوگی۔

**V-C Dipendra**

امرت بھارت ایکسپریس روزانہ سفر کرنے والے مسافروں کیلیے برکت ثابت ہوئی ہے۔ اس وقت ملک میں 34 امرت بھارت ٹرینیں چل رہی ہیں، اس طرح کی ٹرینوں کی تعداد 39 ہوجائے گی۔ آسام اور مغربی بنگال سے چلنے والی ان ٹرینوں سے بہار، اترپردیش، تملناڈو، مہاراشٹر اور کرناٹک جیسی ریاستوں کیلیے لمبی دوری کی قابل استطاعت کنکٹویٹی فراہم ہوگی۔ یہ خدمات ریل سفر کیلیے اضافی مانگ کو پورا کریں گی اور مسافروں کیلیے آرام دہ سفر کا تجربہ فراہم کریں گی۔ امرت بھارت ایکسپریس تقریباً پانچ سو روپے میں ایک ہزار کلومیٹر کے کفایتی کرائے میں لمبی دوری کی غیر اے سی سلیپر کلاس سفری خدمات فراہم کرتی ہیں۔

نیوجلپائی گوڑی سے دپیندر کمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلیے میں.....

وزیراعظم مودی نے کل چار نئی امرت بھارت ایکسپریس ٹرینوں کو ورچوئل طور پر جھنڈی دکھا کر روانہ کیا تھا۔ ان ٹرینوں میں نیوجلپائی گوڑی- Nagercoil امرت بھارت ایکسپریس، نیوجلپائی گوڑی- تروچراپلّی ایکسپریس، علی پور دوار- SMVT بینگلورو اور علی پور دوار-ممبئی (Panvel) امرت بھارت ایکسپریس ٹرینیں شامل ہیں۔×

**<u>PM- MALDA RALLY</u>**

وزیراعظم نریندر مودی نے ترنمول کانگریس TMC حکومت پر شدید نکتہ چینی کی ہے اور اِسے سنگدل قرار دیا ہے اور اس حکومت سے اقتدار سے فوری طور پر بے دخل ہوجانے کی اپیل کی ہے۔ جناب مودی نے یہ بات مغربی بنگال کے مالدہ میں کئی ٹرینوں کو جھنڈی دکھانے اور 3 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے نئے پروجیکٹوں کا افتتاح کرتے ہوئے کہی۔

جناب مودی نے غیر قانونی دراندازی کو بھی اُجاگر کیا، جو ریاست کیلیے ایک سنگین چیلنج ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ سلسلہ ایک ایسے مرحلے پر پہنچ گیا ہے کہ جس سے خطے میں آبادی کا تناسب اور مقامی زبانیں بھی متاثر ہو رہی ہیں۔ انہوں نے اس مسئلے کو براہ راست طور پر ریاست کے نوجوانوں کیلیے روزگار کے مواقع میں فقدان سے جوڑا اور حالیہ تشدد کے واقعات کا حوالہ دیا۔ ساتھ ہی انہوں نے امن وامان کی بگڑتی ہوئی صورتحال کے ثبوت کے طور پر Beldanga میں ایک خاتون صحافی کو حراساں کئے جانے کا بھی ذکر کیا۔ البتہ انہوں نے Matua برادری اور پڑوسی ملکوں میں مذہبی طور پر پریشان کئے جانے کی

وجہ سے پناہ لینے والے لوگوں کو یقین دلایا کہ انہیں BJP کے دور میں ڈرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

**S/B 0815 - PM On Matua Community**

اڈیشہ، بہار، تریپورہ اور آسام جیسی BJP کی حکومت والی ریاستوں کی مثال دیتے ہوئے وزیراعظم مودی نے زور دیتے ہوئے کہا کہ عوام اچھی حکمرانی کیلئے BJP کو منتخب کررہے ہیں۔ ممبئی اور ترواننت پورم میں حالیہ انتخابی کامیابی کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے مغربی بنگال کے عوام سے اپیل کی کہ وہ وندے ماترم کے 150 سال پورے ہونے کے موقع پر Bankim چندر چٹوپادھیائے کے نظریات کو اپنائیں اور تشدد کی سیاست کو ختم کرنے کیلئے BJP کی حکومت کیلئے ووٹ دیں۔

**DGCA INDIGO PENALTY**

شہری ہوابازی کے ڈائریکٹوریٹ جنرل، DGCA نے انڈیگو پر پچھلے سال دسمبر میں بڑے پیانے پر پروازوں میں تاخیر اور منسوخی کی پاداش میں 22 کروڑ 20 لاکھ روپے کا جرمانہ عائد کیا ہے۔ 3 سے 5 دسمبر کے دوران دو ہزار پانچ سو سات پروازیں منسوخ اور ایک ہزار 852 پروازوں میں تاخیر سے ہوئی تھی جس کی وجہ سے مختلف ہوائی اڈوں پر پھنسے ہوئے تین لاکھ سے زیادہ مسافروں کو دشواریوں کا سامنا کرنا پڑا۔

DGCA کی قائم کردہ انکوائری کمیٹی نے پایا کہ اِس خلل کی بنیادی وجوہات میں آپریشنز کا زیادہ سے زیادہ آپٹیمائزیشن، ناکافی ریگولیٹری تیاری، مینجمنٹ ڈھانچے اور آپریشنل کنٹرول میں خامیاں تھیں۔ کمیٹی نے مشاہدہ کیا کہ ایئرلائن کا مینجمنٹ منصوبہ بندی کی خامیوں کی مناسب شناخت کرنے، مناسب آپریشنل انتظام کرنے اور نظر ثانی شدہ فلائٹ ڈیوٹی ٹائم لمیٹیشن، FDTL کے احکامات کو موثر طریقے سے نافذ کرنے میں ناکام رہا۔ شہری ہوابازی کی وزارت کے مطابق انکوائری میں مزید واضح کیا گیا ہے کہ عملے، طیاروں اور نیٹ ورک وسائل کے زیادہ سے زیادہ استعمال پر غالب توجہ دی گئی جس سے روسٹر بفرمارجن میں نمایاں کمی آئی۔ وزارت نے کہا کہ اس طریقہ کار نے روسٹر کی سالمیت سے سمجھوتہ کیا اور آپریشنل کارکردگی پر منفی اثر ڈالا۔x

**JEE MAIN ADMIT CARD**

امتحانات منعقد کرانے والی قومی ایجنسی، NTA نے JEE (Main) 2026 Session-1 امتحان کیلئے ایڈمٹ کارڈ جاری کردیے ہیں۔ اس ماہ کی 21 اور 24 تاریخ کے درمیان BE یا B-Tech کے Paper-1 کیلئے امتحان دینے والے امیدوار NTA کی ویب سائٹ Jeemain.Nta.nic.in سے اپنے ایڈمٹ کارڈ ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔ یہ امتحان دو شفٹ میں منعقد کیے جائیں گے۔ صبح کی شفٹ میں امتحان 9 بجے سے 12 بجے تک جبکہ سہ پہر کی شفٹ میں3 بجے سے شام 6 بجے تک ہوگا۔

NTA نے امیدواروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ ایڈمٹ کارڈ پر کیو آر کوڈ اور بارکوڈ واضح طور پر نظر آئے۔ امیدواروں کو شناخت کی تصدیق کیلئے، ویلڈ فوٹو شناختی کارڈ رکھنا ہوگا۔ NTA نے مزید کہا کہ ان امیدواروں کیلئے، جو اس ماہ کی 28 اور 29 تاریخ کو B.E یا B.Tech کے Paper-1 ، B.Arch کے Paper - 2A اور B.Planning کے Paper 2B کے امتحان دے رہے ہیں، ایڈمٹ کارڈ جلد ہی جاری کیے جائیں گے۔

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**PUNJAB-BORDER FENCING**

مرکز نے اصولی طور پر پنجاب میں سرحد کی حفاظت کیلئے خاردار تار کو بین الاقوامی سرحد کے قریب منتقل کرنے پر اتفاق کیا ہے۔ اس اقدام سے ہزاروں ایکڑ زرعی زمین پر بلارکاوٹ کھیتی باڑی کیلئے راہ ہموار ہوجائے گی، جس سے پنجاب کی سرحدی پٹی پر کسانوں کو ایک بڑی راحت مل سکے گی۔ پنجاب کی پاکستان کے ساتھ 532 کلومیٹر طویل سرحد لگتی ہے۔ فی الحال سینکڑوں کسانوں کو سرحد پر اپنی ہزاروں ایکڑ زمین پر کاشتکاری کیلئے سیکورٹی وجوہات کی بنا پر BSF کی سخت نگرانی میں ایک محدود مدت کے دوران خاردار تار عبور کرنا پڑتے ہیں۔×

**PM-VISHWAKARMA HAAT**

پی ایم وِشواکرما ہاٹ-2026 قومی راجدھانی میں آج شروع ہوگی۔ یہ نمائش بالخصوص پی ایم وِشواکرما اسکیم کے تحت دستکاروں کیلئے وقف کی گئی ہے۔ بہت چھوٹی، چھوٹی اور اوسط درجے کی صنعتوں کے مرکزی وزیر جیتن رام مانجھی اس کا افتتاح کریں گے۔ پی ایم وِشواکرما ہاٹ-2026 کا مقصد روایتی دستکاری کی ملک کی مالا مال وراثت کو نمایاں کرنا اور اس کا جشن منانا ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ **V-C Bhanu**

*اِس نمائش کا مقصد دستکاروں کیلئے ایک اہم پلیٹ فارم فراہم کرنا ہے تاکہ وہ اپنی مصنوعات کی نمائش کرسکیں اور قومی اور بین الاقوامی سطح کے فروخت کار شراکت دار اور عام لوگوں کو یہ مصنوعات فروخت کرسکیں۔ ملک بھر سے تمام ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں سے 117 سے زیادہ دست کار اِس تقریب میں شرکت کریں گے، جس سے اِس تقریب میں مختلف روایتی ہنر کی نمائندگی ہوگی۔ اِس نمائش کا مقصد پی ایم وشوا کرما اسکیم کے مستفیدین کیلئے بازار رسائی کو بہتر بنانا اور روزگار*

کے پائیدار مواقع پیدا کرنا ہے۔ پی ایم وشوا کرما ہاٹ 2026 میں غیر ملکی مشنوں کے نمائندوں کو بھی مدعو کیا گیا ہے۔ یہ تقریب 31 جنوری تک جاری رہے گی اور لوگ صبح ساڑھے دس بجے سے رات دس بجے تک یہ نمائش دیکھنے جا سکتے ہیں۔

بھانو پرتاپ سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں .......

## EU-SOUTH AMERICA DEAL

یوروپی یونین اور جنوبی امریکن بلاک Mercosur نے Paraguay کے Asuncion میں ایک آزاد تجارتی سمجھوتے پر دستخط کئے ہیں، جس سے دنیا کا سب سے بڑا تجارتی زون قائم ہوسکے گا۔ اس سمجھوتے سے ارجنٹینا، برازیل، Paraguay اور Uruguay سمیت Mercosur ممالک کے درمیان 90 فیصد سے زیادہ محصولات میں کمی آئے گی۔ البتہ یہ محصولات 10 سے 15 سال میں مرحلے وار طور پر کم ہو جائیں گے۔×

## US-EUROPE TARIFF

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے یوروپ کے 8 ملکوں کے سامان پر 10 فیصد درآمد محصول لگانے کا اعلان کیا ہے۔ انہوں نے گرین لینڈ پر امریکی کنٹرول پر اُن کی مخالفت کا ذکر کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب ٹرمپ نے کہا کہ یہ محصول فروری میں نافذ العمل ہوگا اور اس کا ڈنمارک، ناروے، سوئیڈن، فرانس، جرمنی، برطانیہ، نیدر لینڈ اور فِن لینڈ پر اطلاق ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگر بقول اُن کے امریکہ کی جانب سے گرین لینڈ کو مکمل اور قطعی طور پر خریدنے کا کوئی سمجھوتہ نہیں ہوا تو یکم جون سے محصول میں ایک فیصد سے بڑھاکر 25 فیصد کردیا جائے گا۔×

## UP-MAUNI AMAVASYA

اترپردیش میں Mauni Amavasya کے موقع پر لاکھوں عقیدتمند مختلف دریاؤں میں پوتر ڈبکی لگارہے ہیں۔ یہ ماگھ میلے کی سالانہ مذہبی تقریب کا تیسرا اہم اَسنان ہے، جو پریاگ راج میں سنگم میں منعقد ہوا ہے۔

ایک رپورٹ۔ **V-C Sushil Tiwari**

*لاکھوں عقیدتمند Mauni Amavasya کے موقع پر پوتر ڈبکی لگانے کیلئے آج صبح سویرے سے پریاگ راج میں گنگا، جمنا اور دریائے سرسوتی کے سنگم میں جمع ہوئے۔ کِنّر اکھاڑہ سمیت بہت سے اکھاڑوں کے سادھو سنتوں نے بھی سنگم میں پوتر ڈُبکی لگائی۔ حکام نے پونٹون پُل، ٹینٹس اور سکیورٹی چیک پوائنٹس بنائے ہیں اور یاتریوں کیلئے خصوصی انتظامات بھی کئے ہیں۔ انتظامیہ کی طرف سے*

اس مرتبہ تین کلومیٹر سے زیادہ لمبے گھاٹس تیار کئے گئے ہیں۔ کل سنگم میں ایک کروڑ 50 لاکھ یاتریوں نے پوتر ڈُبکی لگائی تھی اور آج بھی انتظامیہ کو امید ہے کہ سنگم علاقے میں تقریباً تین کروڑ یاتری پوتر اسنان کریں گے۔ پریاگ راج کے ڈی ایم نے کہا ہے کہ ہر چیز کا خیال رکھتے ہوئے پولیس اور انتظامیہ نے سبھی انتظامات کئے ہیں۔

**Byte: Manish Verma DM**

عقیدتمند وارنسی، مرزا پور، ہاپوڑ، اجودھیا اور کانپور جیسے دیگر شہروں میں گنگا، جمنا کے گھاٹوں اور دیگر اہم دریاؤں میں پوتر ڈبکی لگانے کیلئے جمع ہوئے ہیں۔

لکھنؤ سے سشیل چندر تیواری کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

## CRICKET-IND VS NZ

مردوں کی کرکٹ میں آج اندور کے Holkar اسٹیڈیم میں میزبان بھارت اور نیوزی لینڈ کے درمیان سیریز کا تیسرا فیصلہ کُن اور آخری ایک روز بین الاقوامی میچ کھیلا جائے گا۔ یہ میچ دوپہر ڈیڑھ بجے شروع ہوگا۔ فی الحال سیریز ایک-ایک کی برابری پر ہے۔×

## CRICKET-U-19

19 سال سے کم عمر کے مردوں کے ICC کرکٹ ورلڈ کپ میں کل رات زمبابوے کے Bulawayo میں گروپ-اے کے میچ میں بھارت نے DLS ضابطے کے تحت بنگلہ دیش کو 18 رن سے ہرادیا۔ یہ میچ بارش سے متاثر ہوا تھا۔ بھارت کو پہلے بازی کرنے کو کہا گیا تھا، جس پر بھارت کی ٹیم نے 48 اوورس اور چار گیندوں میں 238 رن بنائے۔ دوسری طرف بنگلہ دیش کو جیت کیلئے 29 اوورس میں 165 رن کا ہدف دیا گیا تھا۔ مگر بنگلہ دیش کی ٹیم 28 اوورس اور تین گیندوں میں 146 رن پر ہی آؤٹ ہوگئی۔ ٹورنامنٹ میں یہ بھارت کی لگاتار دوسری جیت ہے۔ بھارت دو میچوں میں چار پوائنٹ کے ساتھ اپنے گروپ میں سرفہرست ہے۔×

## IMD-WEATHER

بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے آج اترپردیش میں گھنے سے بہت گھنا کُہرا چھائے رہنے کیلئے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ ایجنسی نے دلّی، ہریانہ، چنڈی گڑھ، پنجاب اور بہار کے دور دراز علاقوں میں اگلے دو سے تین دن کیلئے گھنا کہرا چھائے رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ جموں وکشمیر، لداخ، اتراکھنڈ، سکم اور مغربی بنگال میں بھی کل تک اسی طرح کے حالات رہنے کا

امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ مشرقی مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ اور اڈیشہ میں آج سرد لہر کا امکان ظاہر کیا ہے۔ محکمہ موسمیات نے اگلے دو دن کیلئے شمال مغرب اور وسطی بھارت میں تقریباً دو ڈگری سیلسیس تک

**J&K- WEATHER**

محکمہ موسمیات نے جموں وکشمیر کے کچھ علاقوں میں آنے والے کچھ دنوں میں شدید برفباری کے امکان کے علاوہ کچھ علاقوں میں ہلکی سے اوسط درجے کی بارش اور برفباری کی پیشگوئی کی ہے۔ پیشگوئی کے مطابق آج عام طور پر بادل چھائے رہیں گے۔ اس کے علاوہ دور دراز کے اونچے علاقوں میں ہلکی برفباری کا امکان ہے۔ 19 اور 20 جنوری کو بھی مرکز کے زیر انتظام علاقے میں آسمان پر بادل چھائے رہنے کا امکان ہے۔ تاہم ان علاقوں میں ہلکی سے معتدل بارش یا برفباری ہوسکتی ہے۔

**CAQM GRAP-4**

ہوا کے معیار کے بندوبست سے متعلق کمیشن CAQM نے دلی، NCR اور اُس کے نواحی علاقوں میں فوری طور پر Grap 4 مرحلہ نافذ کردیا ہے۔ کل شام دلی کا AQI ، 400 تک پہنچ گیا، جس کے بعد یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔ اِس کے تحت دلی میں BS 4 ٹرکوں کے دلی میں داخلے پر پابندی رہے گی۔ لازمی اشیا اور لازمی خدمات فراہم کرنے والی گاڑیوں کو اِن پابندیوں سے چھوٹ دی گئی ہے۔ اِس زمرے کے پہلے، دوسرے اور تیسرے مرحلے کے تحت پابندیاں نافذ رہیں گی۔x

**NASA M MOON MISSION**

ناسا نے چاند کیلئے اپنا نیا طاقت ور راکٹ لانچ پیڈ پر منتقل کردیا ہے۔ وہ 50 سال سے زیادہ عرصے میں پہلی بار عملے کے ساتھ چاند کی گردش کی تیاری کر رہا ہے۔ 322 فٹ کا اسپیس لانچ سسٹم راکٹ کو Kennedy اسپیس سنٹر سے باہر لایا گیا جس میں پورا دن صرف ہوگیا۔ ناسا کے ہزاروں کارکن اور ان کی فیملی کے افراد اس تاریخی لمحے کو دیکھنے کیلئے جمع ہوئے۔ یہ مشن چار خلا بازوں کو چاند کے مدار میں لے جائے گا اور وہ 10 دن کے سفر کے بعد واپس آئیں گے۔ یہ پرواز غالبًا فروری میں عمل میں آئے گی۔ عملے میں ناسا کے تین خلا باز Reid Wisemain، Victor Glover اور Christina Koch اور کناڈا کے ایک خلا باز Jeremy Hansen شامل ہیں۔ x

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... فہیم احمد

شکریہ - کونین حیدر

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے وزیراعظم نریندر مودی کے مغربی بنگال دورے سے متعلق خبروں کو شہ سرخیوں میں جگہ دی ہے۔ روزنامہ انقلاب کی سرخی ہے: وزیراعظم نریندر مودی نے دراندازی کو سب سے بڑا چیلنج قرار دیا، مالدہ میں وندے بھارت سلیپر ٹرین کوجھنڈی دکھاکر روانہ کیا۔

صدر جمہوریہ نے پروین وششٹھ کو ویجلنس کمشنر مقرر کیا ہے۔ اس خبر کو روزنامہ پرتاپ نے اپنے پہلے صفحے پر شائع کیا ہے۔ ہندوستان ایکس پریس نے بھارتی فوج کی طرف سے سری لنکا میں تیسرا بیلی پل تعمیر کیے جانے کی خبر کو اپنے پہلے صفحے پر جگہ دی ہے۔ بھارتی بحریہ کا تربیتی اسکواڈرن سنگاپور کے نیول بیس پہنچا۔ اس خبر کو ہندوستان ایکس پریس نے اپنے پہلے صفحے پر پیش کیا ہے۔

اس کے علاوہ آج کے اردو اخبارات میں شائع ہونے والی چند اہم بین الاقوامی سرخیاں اس طرح ہیں:

_ وہاؤٹ ہاؤس نے غزہ امن بورڈ کے قیام اور اراکین کے ناموں کا باضابطہ اعلان کیا۔

_ مشرقی حلب کے درجنوں قصبوں پر فوج کا کنٹرول، کئی علاقوں سے کرد فورسز کا انخلاء۔

_ وینیزویلا کی قائم مقام صدر کا کابینہ میں رد و بدل کا اعلان۔

_ ایرانی سپریم لیڈر نے ہلاکتوں کا ذمہ دار امریکی صدر کو قرار دیا۔

_ امریکی صدر نے کہا ہے کہ ہم گرین لینڈ کے معاملے پر ناٹو سے بات چیت کر رہے ہیں۔

## آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیراعظم نریندر مودی آج مغربی بنگال اور آسام سے پانچ نئی امرت بھارت ایکسپریس ٹرینوں کو جھنڈی دکھاکر روانہ کریں گے۔

☆ شہری ہوا بازی کے ڈائریکٹوریٹ جنرل DGCA نے اِنڈیگو ایئرلائنس پر پچھلے مہینے میں بڑے پیمانے پر پروازوں میں تاخیر اور منسوخی کی پاداش میں 22 کروڑ روپے سے زیادہ کا جرمانہ عائد کیا ہے۔

☆ امتحانات منعقد کرانے والی قومی ایجنسی نے JEE (مین) 2026 سیشن 1 امتحان کیلئے داخلہ کارڈ جاری کردیے ہیں۔

☆ یوروپی یونین اور ساؤتھ امریکہ بلاک Mercosur نے دنیا کے ایک سب سے بڑے آزاد تجارتی زونز کے قیام کیلئے بڑے سمجھوتے پر دستخط کئے ہیں۔

☆ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے گرین لینڈ پر امریکی کنٹرول کی یوروپ کی طرف سے مخالفت کئے جانے کا حوالہ دیتے ہوئے یوروپ کے 8 ملکوں پر 10 فیصد محصول عائد کرنے کا اعلان کیا ہے۔

☆ اور، مردوں کی کرکٹ میں آج سہ پہر اندور میں بھارت اور نیوزی لینڈ کے درمیان تیسرا اور آخری ایک روزہ بین الاقوامی میچ کھیلا جائے گا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-------------------------------------